سوال

(294)اراضی کی تقسیم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

علی پور سے مختاراں مائی لکھتی ہیں کہ مجھے باپ کی طرف سے 6۔ایکڑزمین ملی تھی میں نے اسے فروخت کر کے کچھ رقم فریضہ حج کےلیے رکھ لی ہے اورکچھ رقم اپنے تین بے روزگار بیٹوں کو دینا چاہتی ہوں اب بتایا جائے کہ مجھے یہ رقم تمام بیٹوں میں مساویانہ تقسیم کرنی چاہیے یا اسے تقسیم کرنے میں مجھے اختیار ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں خود مختار بنا کر بھیجا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شریعت کے دائرہ میں رہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کو جیسے چاہے استعمال کر سکتا ہے مال جائیداد بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اس میں بھی شرعی حدود کا خیال رکھتے ہوئے جائز تصرف کرنے کی اجازت ہے اس بنا پر اپنی کسی ضرورت کےلیے اسے فروخت بھی کیا جا سکتا ہے اور کسی کو اس کی ضرورت کے پیش نظر کچھ حصہ دیا بھی جا سکتا ہے ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :"ہر صاحب جائیداد اپنی جائیداد میں تصرف کرنے کا زیادہ حق رکھتا ہے وہ جیسے چاہے استعمال کر سکتا ہے۔(سنن بیہقی 2:178)

البتہ اس تصرف کےلیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھا جائے

(1)یہ تصرف کسی ناجائز اور حرام کےلیے نہ ہو۔

(2)جائز تصرف کرتے وقت کسی وارث کو محروم کرنا مقصود نہ ہو۔

(3)اگر یہ تصرف بطور ہبہ اولاد کےلئے ہے تو نرینہ اور مادینہ اولاد کے ساتھ مساویانہ سلوک کیا جائے۔

(4)اگر یہ تصرف بطور وصیت عمل میں آئے تو کل جائیداد کے 3/1 سے زائد نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی یہ وصیت کسی شرعی وارث کےلیے ہو شرائط بالا کو سامنے رکھتے ہوئے والدین اپنی جائیداد کو ضروریات کےلیے فروخت بھی کر سکتے ہیں اور ضرورت مند اولاد کو بھی دے سکتے ہیں البتہ بطور عطیہ اگر اولاد کو کچھ دینا چاہیں تو اس لڑکی اور لڑکے کی تمیز کیے بغیر تمام سے مساویانہ برتاؤ کرنا ہوگا جیسا کہ حدیث میں اس مسئلہ کو بڑی تاکید کے ساتھ بیان کیا گیا ہے صورت مسئولہ میں اگر سائلہ نے اپنی جائیداد فروخت کر کے کچھ رقم حج کی ادائیگی کےلیے رکھ لی ہے تو وہ ایسا کرنے میں حق بجانب ہے اس طرح اگر اسی نے کچھ رقم اپنے بے روزگار بچوں کو دی ہے تاکہ وہ باعزت طور اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں

اس کا یہ اقدام بھی درست ہے البتہ بر سر روزگار اولاد کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے تاکہ باہمی نفرت و کدورت کی فضا پیدا نہ ہو انہیں بھی کچھ نہ کچھ ضرور دیا جائے تاکہ ماں کی اولاد کے متعلق محبت پر کوئی آنچ نہ آئے ۔ واللہ اعلم بالصواب

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:320